پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

جلد نمبر ۱۳
شمارہ نمبر ۲

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۱۰ جون ۱۹۸۴
۱۰ رمضان ۱۴۰۴

۳۷ گوردواروں کے ساتھ ایک مسجد میں بھی بھارتی فوج گھس گئی

بکتر بند فوجی گاڑیاں دربار صاحب میں گھس گئیں ۔۔۔ ہلاک

فوج نے دربار صاحب کی بے حرمتی کے دوران ٹینک ، مشین گنیں ، توپ خانہ اور اسلحہ بے دردی سے استعمال کیا

لونگوال اور دربار صاحب کے منتظمین نے خود کو فوج کے حوالے کر دیا

دربار صاحب کے ہوسٹلوں اور انتظامی دفاتر پر فوج کا مکمل قبضہ

نئی دہلی ۔۔۔ (رائٹر ، یو پی آئی) بھارتی فوج نے گزشتہ ہفتے سکھوں کے متبرک ترین مقام دربار صاحب پر یلغار کر کے کم از کم ۔۔۔ سکھوں کو قتل کر دیا جبکہ سکھوں کی طرف سے دفاعی فائرنگ کے نتیجے میں کم از کم ۔۔۔ فوجی ہلاک ہو گئے ۔ [illegible]

[illegible]

بھارتی حکومت نے دربار صاحب پر فوج کی یلغار کے لئے بکتر بند گاڑیاں ، توپ خانہ اور ٹینک استعمال کئے ۔ [illegible]

[illegible]

ہمیں بتایا گیا ہے کہ ۔۔۔ [illegible]

[illegible]



سکھ راہنما سنت جرنیل سنگھ بھنڈرانوالے ، جو سکھوں کی متبرک ترین عبادت گاہ "دربار صاحب" کا دفاع کرتے ہوئے ہندوستانی فوج کے مقابلے میں ۔۔۔ گولیوں کا نشانہ بن کر سکھوں کی "دائمی خود مختاری" کی تحریک کو اب ہندوستانی سامراج سے "مکمل آزادی" کی تحریک کا رخ دے گئے ہیں ۔

انبالہ شہر شب بھر میں مہاجر کیمپ بن گیا

پنجاب کی سرحدیں بند ہونے کی بنا پر ۱۱ ہزار افراد ریلوے سٹیشن پر پناہ گزین ہو گئے

انبالہ ۔۔۔ (رائٹر) بھارتی پنجاب کے پڑوس میں واقع اس شہر کو شب بھر کے اندر ۱۱ ہزار سے زائد افراد نے مہاجر کیمپ میں تبدیل کر دیا ہے ۔ یہ افراد پنجاب میں فوج کی شدید کارروائیوں کی بنا پر ۔۔۔ [illegible]

[illegible]

سکھوں کی تحریکِ آزادی کی مختصر تاریخ

اگست ۱۹۰۲ء ۔ سکھوں کی سب سے بڑی [illegible]

[illegible]

۔ جون ۔ اکالی دل نے فیصلہ کیا کہ پنجاب سے ۔۔۔ کی روک تھام کی جائے گی ۔

پہلی جون ۔ دربار صاحب کی بیرونی دیوار کے قریب شدید تصادم میں ۱۱ افراد ہلاک ہو گئے ۔

۲ جون ۔ پنجاب بھر میں کرفیو نافذ کر دیا گیا ، پریس پر پابندیاں لگا دی گئیں ۔ مواصلاتی نظام

۔۔۔ کے لئے فوج کو خصوصی اختیار حاصل ہو گئے ۔ معطل کر دیا گیا ۔ صوبے کی سرحدیں بند کر دی گئیں ۔ اور صوبے میں فوج بھیج دی گئی ۔

۳ جون ۔ فوج نے دربار صاحب کا محاصرہ کر لیا ۔

۵ جون ۔ دربار صاحب میں محصور سکھوں اور فوج کے درمیان فائرنگ ۔ ۔۔۔ شروع ہو گئی ۔

۶ جون ۔ بھارتی فوج نے دربار صاحب پر یلغار کر کے سکھوں کے مقدس مقام کی بے حرمتی کا ارتکاب کیا ۔

پاکستانی اور بھارتی فوجوں کے درمیان شدید جھڑپ میں ۵ پاکستانی سپاہی شہید

لڑائی میں دو بھارتی فوجی بھی مارے گئے

پاکستانی فوجیوں پر جانبدار علاقہ میں چوکیاں قائم کرنے کا الزام

ایم آر ڈی نے ماہ رمضان میں احتجاجی جلسے کرنے کا اعلان کر دیا


سیاسی عمل کیساتھ جو زیادتی کی جا رہی ہے اس کے خلاف احتجاج کیا جائے، سینٹرل کمیٹی کا فیصلہ

۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت انتخابات کرائے جائیں

عدلیہ اور صحافت کو آزاد کرایا جائے

اسلام آباد ـــــ (نامہ نگار) پاکستان کی اپوزیشن پارٹیوں کے اتحاد ایم آر ڈی نے اعلان کیا ہے کہ ماہ رمضان میں جو جمعہ ...

... ان کا داخلہ بند کر دیا گیا۔ اجلاس کے بعد جو جاری کیا گیا اس میں ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت انتخابات کے انعقاد، عدلیہ اور صحافت کی آزادی کے مطالبے کئے گئے۔ ایم آر ڈی نے ... کے علاوہ دوسرے لوگوں سے بھی کہا ہے کہ وہ رمضان میں احتجاجی ...



بادشاہی مسجد کے واقعے پر تحقیقات کروانے کا فیصلہ

صوبائی گورنر نے ایک رکنی ٹریبونل قائم کر دیا۔ ایک ہفتے میں رپورٹ تیار کرنے کا حکم

لاہور ـــــ گورنر پنجاب جنرل غلام جیلانی نے جسٹس شیخ ریاض احمد کی اس ایک رکنی ٹریبونل میں نامزد کیا ہے جو بادشاہی مسجد میں ناموس رسالت کے خلاف ۲۳ مارچ کو لگائے جانے والے نعرے کے بارے میں تفتیش کرے گا۔ ٹریبونل سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی تحقیقات ایک ہفتے کے اندر اندر مکمل کرے۔ اپنے ... طریق کار کے مطابق ٹریبونل یہ تحقیقات کرے گا۔

... اس طرح دونوں گروپوں میں تصادم ہوا ... مسجد میں کانفرنس منعقد کی۔

علاقائی تنازعے سے پاکستان میں سیکولرزم کی راہ ہموار ہو رہی ہے

فرقہ بندی کو قانوناً ممنوع قرار دیا جائے

مختلف رہنماؤں کا ردعمل

پس دیوار زندان

حیدرآباد ـــــ سندھ خواتین





بریلوی پمفلٹوں پر پابندی

بارک اللہ خان کا انتقال ہو گیا



۵ ہزار نوجوان نشے کے عادی ہیں۔ زیادہ تعداد تعلیم یافتہ بے روزگار افراد کی ہے

لاہور میں ہیروئن کی فروخت کے ۴۷ اڈے ہیں

جنرل ارشاد جلد ہی نئی جماعت جنبل میں شامل ہو جائیں گے

کابینہ میں تین نئے وزراء کی شمولیت، اہم وزارتوں میں تبدیلیاں

ڈھاکہ ـــــ (رائٹر، یو پی آئی)

پشاور میں طلبہ

کا مشعل بردار جلوس

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سنو! جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہے اور نہ غم ہوگا (القرآن)

مسلمانوں کیلئے نئی قتل گاہ

بھارت کے بیکرواں خارجہ معاہدہ دوستی کی تجاویز لیکر بھارت آئے ہیں اور اُدھر ان کے اپنے ملک میں مسلمانوں کی ایک نئی قتل گاہ سے خونچکاں اطلاعات آرہی ہیں۔ مسلمانوں کا یہ نیا مقتل بمبئی اور اس کے نواحی علاقے ہیں۔

مہاراشٹر میں یہ آگ اچانک نہیں بھڑک اٹھی۔ یہ خطرہ عرصہ سے محسوس کیا جارہا تھا کہ اس علاقے میں ہندو مسلم فسادات بڑے پیمانہ پر ہو گے اس کی وجہ مرہٹہ تنظیم "شیوسینا" ہے جس کا بنیادی عقیدہ مسلم دشمنی ہے اور جس کو فرقہ پرستانہ سرگرمیوں کی کھلی چھٹی اس لیے حاصل ہے کہ یہ رضاکار تنظیم کانگریس کی حامی ہے۔ بدقسمتی کی بات یہ ہے کہ مہاراشٹر کی کانگریس حکومت کا انحصار اس شیوسینا تنظیم پر ہے۔ یہ شیواجی کے نام پر مرہٹوں میں مسلم دشمنی کے جذبات کو ہوا دیتی ہے اور اس مسلم دشمنی سے فائدہ اٹھا کر کانگریس اپنے لیے مرہٹوں کے ووٹ حاصل کرتی ہے مہاراشٹر کی صورت حال سے قطع نظر کرکے دیکھا جائے تو بڑی مایوسی ہوتی ہے کہ اب اندرا گاندھی کھلم کھلا ہندو فرقہ پرست طاقتوں سے گٹھ جوڑ کر رہی ہیں تاکہ وہ الیکشن جیت سکیں اندرا صاحبہ کی حکمت عملی یہ ہے کہ راشٹریہ سیوک سنگھ نے جس ہندو تعصب کی بنیاد پر ہندو معاشرہ میں مقبولیت حاصل کی ہے اسے اپنا لیا جائے۔ تاکہ الیکشن کے دنوں میں راشٹریہ سیوک سنگھ کی حمایت جنتا پارٹی کی بجائے کانگریس کو حاصل ہو اس غرض کے لیے وہ آج کل جگہ جگہ مندروں کا افتتاح کر رہی ہیں مورتیوں پر چڑھاوے چڑھا رہی ہیں اور پنڈتوں جوگیوں کے اجتماعات میں ہندو دھرم کے فلسفہ کی عظمت بیان کرتی ہیں ایک نعرہ انھوں نے یہ بھی لگایا ہے کہ ہندو دھرم خطرہ میں ہے

آسام میں فسادات ہوئے اور مسلمانوں کو ان فسادات کا نشانہ بنایا گیا مگر مرکزی حکومت اس وقت تک چپ سادھے بیٹھی رہی جب تک کہ ہزاروں مسلمان قتل نہیں ہو گئے اس کے برعکس پنجاب میں جہاں ہندو آبادی کے لیے خطرہ پیدا ہوا مرکز کی ساری طاقت مجتمع کر دی گئی ہے۔ کیا ہندوستان کی مرکزی حکومت صرف ہندوؤں کی حفاظت کے لیے ہے مسلمانوں کی حفاظت کی ذمہ داری اُس پر عائد نہیں ہوتی؟ اگر ہوتی ہے تو مہاراشٹر میں یہ ذمہ داری کیوں ادا نہیں کی جارہی ہے؟

بھارت کے فسادات اور مسلم ممالک

ایرانی پارلیمنٹ کی امور خارجہ کمیٹی نے بھارت میں مسلم کش فسادات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی نے ایک بیان میں ان فسادات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے بھارتی حکومت کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنی مسلم اقلیت کے حقوق و مفادات کے تحفظ کے لیے مناسب اقدامات کرے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ساری دنیا کے مسلمانوں کو بھارتی مسلمانوں کو درپیش حالات پر افسوس ہے اور حکومت بھارت کا فریضہ ہے کہ وہ مسلمانان عالم کے جذبات کا احترام کرے اور بھارت میں مسلم اقلیت کے تعلق سے اپنا فرض ادا کرے۔ ایرانی پارلیمنٹ کی امور خارجہ کمیٹی کا یہ بیان بھارتی مسلمانوں کے حق میں کلمہ خیر ہے اور ایرانی پارلیمنٹ کا یہ بیان اس لحاظ سے لائق ستائش ہے کہ اس میں بھارتی مسلمانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا گیا ہے لیکن یہ کافی نہیں ہے۔ تنہا ایران یا ایک آدھ مسلم ملک کے کہنے سے کچھ نہیں ہوگا۔ اس سلسلہ میں تمام مسلمان ممالک کو موثر اور سخت انداز میں احتجاج کرنا چاہیے تاکہ بھارتی حکومت کو یہ معلوم ہو کہ بھارت کے مسلمانوں کا مسئلہ تنہا اُس کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ پورے عالم اسلام کا مسئلہ ہے جب تک مسلمان حکومتیں اور مسلم ادارے اس سلسلہ میں اپنا فرض ادا نہیں کریں گے بھارتی حکومت اس مسئلہ کو اہمیت نہیں دیگی۔ بھارتی مسلمانوں کا مسئلہ اس قدر سنگین ہو گیا ہے کہ اُسے اقوام متحدہ میں بھی اُٹھانا چاہیے۔ بدقسمتی سے پاکستان کی حکومت بھی سیاسی مصلحتوں کی خاطر بھارتی مسلمانوں کے بارے میں خاموشی اختیار کرنا ضروری سمجھتی ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ پاکستان کی جانب سے اگر کچھ کہا جائے تو بھارت کی حکومت اور بھارت کی فرقہ پرست طاقتوں پر اس کا اُلٹا اثر ہوتا ہے اور وہ مسلمانوں پر مظالم میں اضافہ کر دیتے ہیں اور پاکستان کی جانب سے احتجاج کی سزا ہندوستانی مسلمانوں کو بھگتنی پڑتی ہے۔ اس لیے پاکستان کی حکومت ہندوستانی مسلمانوں کے لیے زیادہ کچھ کہنے یا کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ تاہم عالم اسلام کے دوسرے ملکوں کی یہ صورت نہیں ان کے بھارت کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں اور بھارت بھی ان مسلم ملکوں سے اپنے تعلقات کو اہمیت دیتا ہے اگر یہ مسلم ممالک بھرپور احتجاج کریں اور ان کے ذریعے مسلم کش فسادات پر اپنے غم و غصہ کا اظہار کریں تو بھارتی حکومت اسے مزید اہمیت دیگی اور خود بھارتی مسلمان بھی یہ محسوس کریں گے کہ وہ اکیلے نہیں ہیں دنیا میں ان کی ہمدرد ملت اسلامیہ موجود ہے۔

اپنے صدقات برباد نہ کرو

القرآن

اے ایمان والو! اپنے صدقات کو احسان جتا کر اور دکھ دے کر اس شخص کی طرح خاک میں نہ ملا دو جو اپنا مال محض لوگوں کو دکھانے کو خرچ کرتا ہے اور نہ اللہ پر ایمان رکھتا ہے۔ نہ آخرت پر۔ اس کے خرچ کی مثال ایسی ہے جیسے ایک چٹان تھی جس پر مٹی کی تہہ جمی ہوئی تھی۔ اس پر جب زور کا مینہ برسا تو ساری مٹی بہہ گئی اور صاف چٹان کی چٹان رہ گئی۔ (البقرہ ۲۶۴)

رمضان میں احتساب بھی کیجیے

السنۃ

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگ رمضان کے روزے ایمان و احتساب کے ساتھ رکھیں گے ان کے سب گزشتہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے، اور ایسے ہی جو لوگ ایمان و احتساب کے ساتھ رمضان کی راتوں میں نوافل (تراویح و تہجد) پڑھیں گے ان کے سب پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ (بخاری و مسلم)



زندہ تحریریں

روزہ نماز اقامت دین ہے

جس نبی کی امت کو جو شریعت بھی اللہ تعالیٰ نے دی تھی وہ اس امت کے لیے دین تھی اور اسکے دور نبوت میں اس کی اقامت مطلوب تھی اور اب چونکہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دور نبوت ہے اس لیے امت محمدیہ کو جو شریعت دی گئی ہے وہ اس دور کے لیے دین ہے اور اس کا قائم کرنا ہی دین کا قائم کرنا ہے۔ رہا ان شریعتوں کا اختلاف تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کی جزئیات میں حالات کے لحاظ سے کچھ فرق رہا ہے۔ مثال کے طور پر نماز اور روزے کو دیکھیے۔ نماز تمام شریعتوں میں فرض رہی مگر قبلہ ساری شریعتوں کا ایک نہ تھا۔ اور اسکے اوقات اور رکعات اور اجزاء میں بھی فرق تھا۔ اسی طرح روزہ ہر شریعت میں فرض تھا مگر رمضان کے تیس روزے دوسری شریعتوں میں نہ تھے۔ اس سے یہ نتیجہ نکالنا صحیح نہیں ہے کہ مطلقاً نماز و روزہ تو اقامت دین میں شامل ہے مگر ایک خاص طریقے سے نماز پڑھنا اور خاص زمانہ میں روزہ رکھنا اقامت دین سے خارج ہے بلکہ اس سے صحیح طور پر جو نتیجہ نکلتا ہے وہ یہ ہے کہ ہر نبی کی امت کے لیے اس وقت کی شریعت میں نماز اور روزے کیلئے جو قاعدے مقرر کئے گئے تھے ان ہی کے مطابق اس زمانے میں نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا دین قائم کرنا تھا اور اب اقامت دین یہ ہے کہ ان عبادتوں کیلیے شریعت محمدیہ میں جو طریقہ رکھا گیا ہے اسکے مطابق ان کو ادا کیا جائے۔ قرآن مجید کو جو شخص بھی کھول کر پڑھے گا اسے یہ بات صاف نظر آئے گی کہ یہ کتاب اپنے ماننے والوں کی حکومت قائم کرنا چاہتی ہے۔ اپنے پیروؤں سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ دین حق کو فکری، اخلاقی، تہذیبی اور قانونی و سیاسی حیثیت سے غالب کرنے کیلئے جان لڑا دیں۔ اقامت دین کا حکم دینے کے بعد آخری بات جو اللہ تعالیٰ نے (آیۃ الشوریٰ ۱۳ میں) ارشاد فرمائی ہے وہ یہ ہے کہ دین میں تفرقہ برپا نہ کرو۔ مراد یہ ہے کہ دین کے اندر اپنی طرف سے کوئی ایسی بات نہ نکالو جس کی کوئی مستقل گنجائش اس میں نہ ہو۔

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ

(تفہیم القرآن ص ۴۹۱)

خلیج میں کشیدگی میں اضافہ کیوں ہو رہا ہے؟

ارشاد احمد حقانی

ایران اور عراق کے درمیان بہار سے تین سال سے ہونے والی خلیج کی جنگ کو بند کرانے کیلئے آجکل تیز کوششیں جاری ہیں۔ یہ بات آپ کو کچھ عجیب محسوس ہو گی اور آپ کہیں گے کہ جنگ بند کرانا مقصود ہے تو اس میں تیزی کس طرح لائی جاسکتی ہے؟ لیکن خلیج میں اسوقت بعینہ یہی کچھ ہو رہا ہے جب سے ایران عراق جنگ کا پانسہ پلٹا ہے اور مئی ۱۹۸۲ء میں ایران نے خرم شہر کی بندرگاہ پر دوبارہ قبضہ کر کے نہ صرف اپنے علاقے واگزار کرا لیے ہیں بلکہ فریق مخالف پر دباؤ بڑھانا شروع کیا ہے، جنگ بندی کی اپیلیں ساری دنیا کی طرف سے کی جارہی ہیں ایران چونکہ ان اپیلوں پر کان نہیں دھر رہا اور صرف اپنی شرائط پر جنگ بند کرنے پر آمادگی ظاہر کر رہا ہے ورنہ جنگ جاری رکھنے کا اعلان کر رہا ہے اسلئے اس کے مخالفین اس سوال پر غور کر رہے ہیں کہ ایران کو اس کے ارادوں سے باز رکھنے کیلئے کیا تدابیر اختیار کی جائیں۔ باخبر اور باریک بین مبصرین پر بہت عرصہ پہلے یہ بات واضح ہو گئی تھی کہ اگر ایران کے رویہ میں کمی نہ آئی تو حالات کو ایسا رخ دینے کی کوشش کی جائے گی کہ پہلے خلیج سے تیل کی برآمد میں رخنہ پڑے اور اگر ایران اس پر جوابی کارروائی کرے تو وسیع تر مداخلت کیلئے زمین ہموار کر لی جائے معلوم ایسا ہوتا ہے کہ رفتہ رفتہ حالات

> کیسے قرآن بتاتے ہیں کہ "جنگ بند کرانے کے لئے جنگ کو بڑھانے" کی آخری تدبیر پر عمل کرنے کیلئے حالات پیدا کئے جا رہے ہیں

اس سوچے سمجھے منصوبے کے لئے سازگار بنائے جارہے ہیں ایران مجنون کے جزیرہ پر قبضہ کر کے ایک بہت بڑی کامیابی حاصل کر چکا ہے یہ ساڑھے تین سال سے جاری جنگ میں اس کی تازہ ترین اور ایک لحاظ سے اہم ترین پیش قدمی تھی اس کے صرف جنگی، سیاسی اور نفسیاتی اثرات نہ تھے اس کے دور رس اقتصادی مضمرات بھی تھے مجنون جزیرہ پر قبضہ کرنے کے بعد ایرانیوں نے تو یہاں تک کہہ دیا تھا کہ انہوں نے اپنے جنگی نقصانات کی تلافی کر لی ہے اور اب انہیں تاوان جنگ وصول کرنے کی ضرورت نہیں رہی ایرانی مجنون پر قبضہ کرنے کے بعد بھی اپنی پیش قدمی روک دینے سے باز نہیں آئے بلکہ ایک وسیع اور ہمہ گیر حملہ (OFFENSIVE) کی تیاریوں میں مصروف بتائے جاتے ہیں ایران کے مخالفین اس کے عزائم اس کے حوصلوں اس کے وسائل اس کی آئندہ حکمت عملی سے بے خبر نہیں خود عراقی حکام واضح کر چکے ہیں کہ امریکیوں کے چلائے ہوئے خلائی سیاروں نے انہیں ایرانیوں کی جنگی حکمت عملی سے باخبر رکھا ہے۔ آثار و قرائن بتا رہے ہیں کہ ایرانی اپنی زمینی اور فضائی پیش قدمی جاری رکھنے کا تہیہ کئے ہوئے ہیں اور ان کے جنگ بندی پر آمادہ ہونے کا امکان نہیں، اسلئے "جنگ بند کرنے کیلئے جنگ کو بڑھانے" کی آخری تدبیر پر عمل پیرا ہونے کے حالات پیدا کئے جارہے ہیں تمام غیر جانبدار مبصر متفق ہیں کہ خلیج میں تیل بردار جہازوں پر حملوں کا آغاز ایران نے نہیں کیا یہ چیز ایران کے مجموعی مقاصد اور مفادات سے ہم آہنگ ہی نہیں اس کا مفاد اسی میں ہے کہ تیل بردار جہازوں کی آمد و رفت جاری رہے تاکہ نہ تو کسی بیرونی طاقت کو مداخلت کا بہانہ ملے اور نہ ایران کی برآمدات اور آمدنی متاثر ہوں اور نہ ہی اس کیلئے اسلحہ کے حصول میں مشکلات پیدا ہوں

یہ چیز چونکہ اس کے حریفوں کے مفاد میں نہیں اسلئے ان کی طرف سے جہاز رانی کو غیر محفوظ بنانے کے عمل کا آغاز کیا گیا ہے مقصد یہ ہے کہ ایران جوابی کارروائی کرے جس سے حملوں کا یہ سلسلہ وسعت اختیار کرے اور منصوبہ کے اگلے مراحل پر عمل درآمد کیلئے جواز فراہم ہو چنانچہ حکومت کے زیر انتظام چلنے والے عراقی اخبار "الجمہوریہ" کا ایک اداریہ دنیا بھر کے ذرائع ابلاغ کے علم میں آچکا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ خلیج میں تیل بردار جہازوں پر بڑے پیمانہ پر حملے ضروری ہیں تاکہ ایران کو جنگ بندی پر آمادہ کیا جا سکے بعض دوسرے عالمی ذرائع ابلاغ نے خلیج کے دونوں طرف موجود سفارتکاروں کے حوالے سے یہ رائے بھی ظاہر کی ہے کہ اگرچہ ایران جوابی کارروائی کے طور پر فریق مخالف کے جہازوں پر حملے کر سکتا ہے لیکن اس کا مفاد بدیہی طور پر تقاضا کرتا ہے کہ خلیج میں آمد و رفت اس قدر خطرناک اور غیر یقینی نہ بن جائے کہ بیرونی مداخلت کا عذر یا جواز مہیا ہو انہی سفارتی حلقوں کے مطابق عراق کی خواہش اور کوشش یہ ہے کہ بحری جہازوں کی آمد و رفت غیر محفوظ ہو جائے تاکہ ایران کیلئے اپنی برآمدات جاری رکھنا اور اسلحہ درآمد کرنا ممکن نہ رہے اور عراق کے دوستوں کیلئے ایران پر دباؤ بڑھانا ممکن ہو جائے ان واضح اور روشن شواہد کے بعد یہ جاننا اور سمجھنا مشکل نہ ہونا چاہیے کہ خلیج میں بحری جہازوں کے خلاف حملوں کے واقعات میں کیوں اضافہ ہو رہا ہے۔

ظاہر ہے کہ حالات جس رفتار سے بگڑ رہے ہیں اور جس طرح دونوں طرف سے دھمکیاں دی جارہی ہیں اس کے بعد کسی بھی وقت کچھ بھی ہو سکتا ہے قدرتی طور پر ذہنوں میں سوال پیدا ہو گا کہ یہ کشیدگی اور محاذ آرائی آخر کس لئے ہے؟ جواب بالکل واضح ہے خلیج کا اصل مسئلہ عراق ایران جنگ نہیں ہے "انقلاب ایران" ہے یہی تصادم محاذ آرائی اور کشیدگی کا اصل سبب اور محور ہے جن علاقائی اور عالمی قوتوں کو انقلاب ایران کا باقی اور زندہ رہنا اور طاقتور ہونا راس نہیں وہ اس کی کامیابی کے بعد سے اسے ختم کرنے کی کوشش کر رہی ہیں اس کوشش کے انداز بدلتے رہے ہیں لیکن بنیادی مقصد برقرار ہے اتفاق یہ ہے کہ جن طاقتوں کو انقلاب ایران کا زندہ رہنا پسند نہیں ان کی فہرست بڑی طویل اور بڑی مرعوب کن ہے اور وہ سب کی سب اپنے اپنے انداز میں اس کے خلاف صف آرا ہیں۔ ایران اگرچہ سخت موقف میں گھرا ہوا ہے لیکن اپنے مفادات کے تحفظ اور ہوائی اقدامات کے حوالے سے اس کے عزم میں کوئی کمزوری دکھائی نہیں دیتی۔ اس کی حالت یہ ہے کہ وہ فاصلوں کی کثافت سے دو چار ہونے کے باوجود پاسداران کے انتخابات کروا رہا ہے یعنی اس وقت عمل کر رہا ہے اور سیاسی عمل میں کسی قسم کے تعطل کا اشارہ تک نہیں دیا گیا۔ انقلاب کے جذبہ سے اس قدر سرشار ہیں "معروف" قوم کے خلاف جب کارروائی کی گئی تو اس کے عوام کا اندازہ کس شکل میں ہونا چاہیے خلیج میں جو حالات پیدا ہو رہے ہیں اگر انہوں نے حسب اندیشہ بیرونی مداخلت کا رخ اختیار کر لیا تو اس کے لیے ہولناک نتائج برآمد ہوں گے کیونکہ شاہ ایران تمام ترا تیاری اور تیاریوں کے باوجود مداخلت کرنے والوں کو ان کا اندازہ نہ ہو۔ ایرانی اپنے انقلاب اور اپنے قومی مفادات کے خلاف کسی ضرب کا مقابلہ جس قوت اور جوش و خروش سے کریں گے مغربی دنیا کو اس کا اندازہ نہیں۔ ایرانی کے حریف کسی بڑی الجھن میں ہیں اگر یہ سمجھا جارہا ہے کہ ایرانی جنگ کی آگ کو اس قوم کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا جا سکتا ہے تو یہ ایک بڑی تلخ غلطی ہو گی۔ مداخلت کا نتیجہ سوائے خوفناک تباہی کے کچھ نہیں ہو گا اور ایک بات میں قطعی اور یقینی محسوس ہوتی ہے کہ ہر طرح کی کسی اقدام کے نتیجہ میں ایرانی انقلاب کی حرارت اور قوت مدافعت کو ختم کرنے کے خواب دیکھے جا رہے ہیں انقلابی جنت میں رہ رہا ہے۔



عظیم خواتین کا درخشاں کردار

جیسے جیسے وقت بیتا - مردوں کے ساتھ خواتین نے بھی بڑھ چڑھ کر اسلام میں حصہ لیا۔ اسلام میں سب سے پہلی شہادت بھی ایک خاتون نے ہی پیش کی - ابوجہل کے نیزے نے حضرت سمیہؓ کو سب سے پہلے اللہ کے مالک کی راہ میں شہید کیا۔ حضرت عمر فاروقؓ جیسے انسان کو اسلام کے دائرے میں داخل کرنے کی سعادت بھی ایک خاتون کو ہی حاصل ہوئی جنہوں نے خون سے لہولہان ہوتے اور اسلام کیلئے سخت ترین مار کھانے کے باوجود ...

اسعد گیلانی

جیتی جاگتی زندگی — مس فرخ آپ کے نفسیاتی مسائل کا حل پیش کرتی ہیں

میل جول سے محبت بڑھتی ہے



میں والدین کی اکلوتی اولاد ہوں۔ ڈیڑھ سال قبل میری شادی ہوئی۔ میرے سسرال والے ... شوہر کا اندر بہت اچھا ہے لیکن ...

(راحت نسیم)

راحت صاحبہ آپ ماں باپ کی اکلوتی بیٹی ہیں ...

مذہبی فرقہ واریت کے شکار

مختصر قیام



... کے نام

(۱)
خواب کھلونے جوانی کے
پھولوں کی عمر کی درازی ہو گئی
راکھ کے ڈھیر میں ...
اک جہنم کی آگ ...

(۲)
اک مسافر تھا کاروانِ شباب
کھو گیا وقت کے بگولوں میں
منتظر خواب کے پھولوں میں
دامن دل کو جیسے چھوتا ہوا
کوئی جھونکا گزر گیا اے دوست

(۳)
اس زیاں خانۂ محبت میں
...

(۴)
آنسوؤں سے ...
زندگی کو ...

(۵)
سانس اب خارزار سے اُلجھی ہے
دل اُلجھتا ہے تلخ چیزوں سے
...

ادب و ثقافت

کتاب راوی

پنجابی کا پانچواں ڈاکٹر

پنجابی زبان ضخامت کے لحاظ سے ہندوستان کی قدیم ترین زبانوں میں شامل ہے۔ [illegible]

[illegible]

سخن در سخن

خامہ بگوش کے قلم سے

جس طرح پاکستان میں کالم نگاری کا چلن عام ہوتا جا رہا ہے [illegible]

[illegible]

یہ غلط ہے کہ کثیر العیال لوگ اپنے لیے اور کثیر التصانیف مصنف دوسروں کے لیے مشکلات پیدا کرتے ہیں

[illegible]

کانگریس کے مقابلے میں
مانیکا گاندھی نے انتخاب جیت لیا
اب دیور بھابی کا مقابلہ امیٹھی کی نشست پر ہوگا

بیروت میں اسرائیلی فوج کے انخلاء کیلئے احتجاجی جلوس
مظاہرین نے اسرائیل اور امریکہ کیخلاف نعرے لگائے

روسی جرنیل افغانستان میں مارا گیا!

روس میں مذہبی رجحانات پر سرکاری حلقوں کی تشویش
مسلمانوں، عیسائیوں اور یہودیوں نے عالمی سطح پر سازش تیار کی ہے

چترال میں سونے اور چاندی کے ذخائر موجود ہیں
کینیڈا کے ماہرین نے تصدیق کر دی

مصر کے عام انتخابات میں عوام کی اکثریت نے حصہ نہیں لیا
انتخابات کے نتیجہ میں جعلی جمہوریت قائم ہو گئی

اسلامی جمہوریہ پاکستان میں سرکاری طور پر ...

ہنڈا کے گھر پر لوگوں کا تانتا بندھ گیا
بار پھول فروخت کرنے والوں کی چاندی

اولمپکس کیلئے پاکستانی کھلاڑیوں کا دستہ

ضلع بدین میں مزید تیل مل گیا

جہانگیر خان نے نمائشی امریکن اوپن سکواش چیمپئن شپ جیت لی

محمود ہارون کی حجۃ الاسلام الخاسی سے ملاقات

سیاہی بادشاہ

پنجاب میں وکلاء کا یوم احتجاج

ایران نے ماہِ رمضان میں بھرپور حملہ کی دھمکی دیدی

میدانِ کارزار میں کی جانے والی کارروائیاں جنگ کا فیصلہ کر دیں گی۔ رفسنجانی

خلیج کی عرب ریاستیں معمولی سا بحران بھی برداشت نہیں کر سکتیں

ایران کی نئی پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے ایرانی وزیراعظم کا انتباہ

بحرین ——— ایران نے عراق کے خلاف ۶۴ ماہ پرانی جنگ کو ختم کرنے کی غرض سے پوری طاقت کے ساتھ فیصلہ کن حملہ کرنے کی دھمکی دی۔ ایران کی پارلیمنٹ کے سپیکر حجت الاسلام اکبر ہاشمی رفسنجانی نے کہا ہے کہ اب جنگ انتہائی سنگین اور فیصلہ کن مرحلہ میں پہنچ چکی ہے اور میدان کارزار میں کی جانے والی کارروائیاں اس جنگ کا فیصلہ کر دیں گی ... ماہ رمضان ... خلیج ...

خلیج میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باوجود حالیہ انتخابات کے نتیجے میں منتخب ہونے والی ایران کی نئی پارلیمنٹ کا آج یہاں افتتاحی اجلاس ہوا۔ افتتاحی اجلاس میں مسلح افواج کے کمانڈروں کی موجودگی ... پارلیمنٹ صرف داخلی معاملات پر بحث اور فیصلہ کر سکتی ہے اور جنگ کے بارے میں ... آیت اللہ روح اللہ خمینی کی ہدایت کی روشنی میں کرتی ہے۔ ایران کے وزیراعظم حسین موسوی نے پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے خلیج کے ممالک کو خبردار کیا ...

امریکہ ایران کو جنگ کا دائرہ وسیع کرنے کی ترغیب دے رہا ہے۔ امریکی سینیٹر

ایرانی طیارے تباہ کرنے کے لئے امریکی اواکس طیاروں نے مدد دی

ایک مرحلے پر فضا میں ۲۰ ایرانی اور سعودی طیارے متصادم تھے

واشنگٹن ——— سینیٹ کی خارجہ تعلقات کمیٹی کے رکن ... کے مطابق سعودی عرب کے ایف ۱۵ جیٹ لڑاکا طیاروں کے دو ایرانی ایف ۴ جیٹ لڑاکا طیاروں کو مار گرانے سے خلیج کی جنگ سنگین صورت اختیار کر گئی ہے۔ امریکی حکام کے مطابق سعودی عرب کے طیاروں نے ... امریکی اواکس طیارہ ... تیل بردار جہازوں کی حفاظت ... جہاز بھی بھیجے گئے۔

کراچی میں طلبہ کے مظاہرے

کراچی ——— طلبہ نے گزشتہ روز کراچی یونیورسٹی اور دیگر کالجوں میں احتجاجی اجلاس منعقد کئے۔ انہوں نے سندھ میڈیکل کالج میں ایک سرکاری گاڑی کو جلا دیا۔

خلیج کی سنگین صورتحال کے پیش نظر دو برطانوی جنگی جہاز کراچی پہنچ گئے

لندن ——— خلیج کی جنگ نے انتہائی سنگین صورت حال اختیار کر لی ہے اور خلیج کے ممالک کے حلیف امریکہ کے علاوہ برطانیہ نے بھی اپنے جنگی جہاز روانہ کر دیئے ہیں۔ برطانیہ کے دو جنگی جہاز کراچی کی بندرگاہ پر پہنچ چکے ہیں ... یہ دونوں جنگی جہاز "گلاسگو" اور "جیری" ہیں ... ایک ہفتہ تک اومان کے لئے روانہ ہوں گے۔



بحرین کی بندرگاہ کے نزدیک امریکہ کا میزائل بردار جنگی جہاز "لیوس"

ایران نے غیر متوقع قوت و مزاحمت کا مظاہرہ کیا تو حالات قابو سے باہر ہو سکتے ہیں

جنگ میں مصروف دونوں ملکوں پر دباؤ ڈال کر انہیں جنگ بند کرنے پر مجبور کیا جائے گا

امریکہ اور اس کے اتحادی خلیج کے ... کارروائیاں کرنے کے ... بحری راستوں کو کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں

خلیج کے علاقے میں حالات جس تیز رفتاری سے بدل رہے ہیں ... پاکستان بھی اس صورتحال سے غافل نہیں ہے ...

بمبئی کے قریب مسلمانوں کی ۴۲ اجتماعی قبریں برآمد

تیل کی ترسیل جاری رکھنے کیلئے پاکستان خلیج میں کردار ادا کرنے پر تیار ہو گیا

مسز تھیچر کی حکومت نے سیاسی پناہ دینے کے لئے درست پالیسی نہیں اپنائی

کراچی ——— صدر جنرل ضیاء الحق نے کہا ہے کہ اگرچہ پاکستان اور برطانیہ میں بہت اچھے تعلقات قائم ہیں لیکن وہ سیاسی پناہ دینے کے سلسلے میں مسز تھیچر کی حکومت کی پالیسی سے متفق نہیں ہیں ...

صدر نے اعلان کیا کہ ... پاکستان ہر طرح ... تیل کی ترسیل ... اسلامی کانفرنس کے سیکرٹری جنرل حبیب شطی نے ... ایران، عراق اور سعودی عرب ...

دھوکہ ذبح بھی کرتے ...

لندن ——— ... بھیونڈی ... مسلمانوں ...


fortnightly Vol.13 No.6 June 10, 1984 50 ¢
al-Hilal Ph: (416) 474-9292, 493-4374

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

Editor: S. Sajjad Hyder
Managing Dir. M. Lateef Owaisi

مسلم کش فسادات میں بے گھر ہونے والے ۶۷ ہزار افراد کیلئے ڈیڑھ ہزار جھونپڑیاں

کنوؤں، گڑھوں اور جھاڑیوں میں مسلمانوں کی لاشیں تلاش کی جارہی ہیں۔ فہرستیں تیار کرنے کا کام شروع کردیا گیا۔



بمبئی کے بھیونڈی ... مسلمانوں کے گھروں سے آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں

[illegible]

بمبئی اور دوسرے فساد زدہ علاقوں میں فوج کی گشت میں اضافہ

جلے ہوئے مکانات سے مسلمانوں کی مزید ۲۰ لاشیں برآمد

ظلم و بربریت کی انتہا، پہلے لاشوں کے ٹکڑے کئے پھر تیل چھڑک کر نذر آتش کردیا

تھانہ — ریاست مہاراشٹر کے صوبے مہاراشٹر میں مسلم کش فسادات کے دوران ... ہزار مسلمان بے گھر ہوگئے ہیں۔ [illegible]

[illegible]

بھیونڈی میں پولیس نے مسلمانوں کو تحفظ دینے سے انکار کردیا

... مسلمان مزدوروں کو شہید کردیا گیا۔ امریکی جریدہ ٹائم کی رپورٹ

میرے گھر پر حملہ کرنے والے وہ ہندو تھے جنکی میں حفاظت کی تھی، ابراہیم انصاری

بمبئی — بھارتی صوبہ مہاراشٹر میں مسلم کش فسادات کے نتیجے میں ... [illegible]

[illegible]

ایک ہزار مسلمانوں کو قتل کیا جاچکا ہے

مسافر ٹرین کو مختلف مقامات پر روک کر قتل کیا جاتا ہے، حرمت اور آگ کے میدان میں ہندوؤں کے ساتھ پولیس بھی نمایاں حصہ لے رہی ہے

کراچی — بمبئی اور بھیونڈی ... [illegible]

[illegible]




[illegible]

[illegible]



ایک مسلمان عورت جس کے شوہر اور بیٹے کو قتل کر دیا گیا۔

[illegible]

بمبئی کے فسادات، پولیس کی مدد سے شیوسینا کی گوریلا جنگ ہیں

[illegible]